© rasailojaraid.com

علمی برادری کی طرف سے قابل صد مبارکباد ہے کہ اس نے علم وفن اور تحقیق وتشریح کا یہ گراں قدر علمی شاہکار ایک مرتبہ پھر شائع کرنے کا عزم کیا تو وہ کامیاب رہے انہوں نے بھی کلکتے والے ایڈیشن ہی کا عکس شائع کیا لیکن طباعت میں سہیل اکیڈمی نے اپنے اشاعتی معیار اور طباعتی حسن کو برقرار رکھا ہے اور اس عظیم تاریخی شاہکار کو واقعتاً ایسی عمدگی سے پیش کیا ہے جس کا وہ مستحق ہے واجرہم علی اللہ ہمیں یقین ہے کہ علمار بالخصوص علمی اور تحقیقی حلقے اس کتاب کی واقعتاً اتنی ہی قدر کریں گے جس کی وہ مستحق ہے۔

تفصیل آیات القرآن

تالیف جول لام بوم، عربی ترجمہ فواد عبدالباقی، صفحات ۶۷۲۔ قیمت درج نہیں۔ ناشر: سہیل اکیڈمی اردو بازار لاہور

محمد فواد عبدالباقی نے قرآن وحدیث کے مرتب کرنے کی بڑی عظیم اور تاریخی خدمات انجام دی ہیں المعجم المفہرس لالفاظ القرآن الکریم ان ہی کی عظیم تحقیقی اور تاریخی شاہکار کاوش ہے جو اس وقت دنیا میں قرآن مجید کا سب سے زیادہ جامع اور مفید لفظی انڈکس ہے اسی طرح مفتاح کنوز السنہ کی ترتیب وتدوین کی سعادت بھی انہیں حاصل ہوئی ہے زیر تبصرہ کتاب "تفصیل آیات القرآن" اسی سلسلہ مبارک کی ان کی تیسری عظیم کاوش ہے جو قرآن مجید کے مضامین کا اشاریہ ہے جسے ایک فرانسیسی مستشرق جول لاپوم نے ابتداء میں فرنچ زبان میں لکھا تھا جس میں قرآن مجید کے موضوعات کو اٹھارہ ابواب میں تقسیم کرکے ہر باب سے متعلق مضامین کے تقریباً ساڑھے تین سو ذیلی عنوانات قائم کیے ہیں جول لابوم نے ہر عنوان کے تحت سورۃ اور آیت کے نمبر درج کیے تھے۔ پھر جناب فواد عبدالباقی نے اس کا عربی ترجمہ کیا اور آیت کے حوالوں کے ساتھ اصل آیت کا متن بھی ساتھ درج کردیا۔ نیز ایک اور فرانسیسی مستشرق ادوار مونتیہ کے تیار کردہ قرآنی مضامین کے اشاریہ کو قرآنی آیات میں منتقل کرکے اس کتاب کے آخر میں "المستدرک" کے عنوان سے کتاب کے ساتھ منسلک کردیا جس کی بنا پر یہ کتاب مزید جامع ہوگئی ہے سہیل اکیڈمی اس کتاب کی طباعت اور معیاری حسن کو برقرار بلکہ شاندار رکھا یقیناً ارباب علم وکمال اس کی بھی شایان شان قدر کریں گے۔

اصول تحقیق

تالیف: پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی — صفحات ۱۴۴

ملنے کا پتہ: ڈائریکٹر شیخ زاید اسلامک سنٹر یونیورسٹی آف پشاور

تحقیق علمی دنیا کی روح اور علمی میدان میں ریڑھ کی ہڈی ہے۔ اس کی بدولت انسان آج فضائی تسخیر سے ترقی کرکے چاند پر خیمہ زن ہو رہا ہے، معلوم نہیں کہ مستقبل میں اس کا سفر کون کون سے سیاروں تک جاری رہے گا اس میں کوئی شک نہیں کہ تحقیق کے اصول وقواعد سب سے پہلے قرآن وحدیث نے متعین کئے۔ لیکن بدقسمتی سے

© rasailojaraid.com